پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

15/12/2021

مالیاتی سال 22-2021 میں وزیر اعلیٰ چھوٹی آبپاشی اسکیم کے تحت 25 لاکھ روپئے منظور

لکھنؤ: 15 / دسمبر 2021

اتر پر دیش حکومت نے رواں مالیاتی سال 22-2021 میں وزیر اعلیٰ چھوٹی آبپاشی اسکیم کے تحت 25 لاکھ روپئے کی مالیاتی منظوری دی ہے۔ اس رقم کو ایگزیکٹیو انجینئر، چھوٹی آبپاشی کے اختیار میں دیئے جانے کی منظوری دی ہے۔ اس ضمن میں نمامی گنگے اور محکمہ دیہی آبی فراہمی کے ذریعہ حکم نامہ جاری کرتے ہوئے ضروری ہدایت ایگزیکٹیو انجینئر چھوٹی آبپاشی کو دی گئی ہے۔ جاری حکم نامہ کے مطابق منظور کی جارہی رقم کا خرچ رواں مالیاتی سال میں یقینی بنایا جائے۔ کسی مد میں کوئی رقم باقی بچتی ہے تو اس سے مقررہ اکاؤنٹ میں جمع کیا جائے۔ منظور کی جارہی رقم کا خرچ جن اضلاع کے لیے جاری کی جارہی ہے۔ انہیں مدوں میں اس کا خرچ قابل قبول ہوگا۔ دیگر کسی مد میں کیا جانے والا خرچ قابل قبول نہیں ہوگا۔

☆☆☆☆☆